शहनाई

# شہنائی

اداکاران

بِشو جیت
راج شری
جانی واکر
نروپا رائے

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

# شہنائی فلم کے گانے

گانا نمبر۱

پون مورے انگنا میں دھیرے دھیرے آنا
ابھی ابھی سویا میرا لال نہ جگانا
انکھیوں میں لال کے ہیں رنگ بھرے سپنے
دیکھ رہی ماں بھی اُمنگ بھرے سپنے
سپنوں کی نگری میں شور نہ مچانا
پون مورے ۔

بڑا ہو کے راجا میرا لائیگا دُلہنیا
ناچتی برات سنگ جائے کی چندنیا
جھوم جھوم تو بھی شہنائیاں بجانا
پون مورے ۔

گانا نمبر۲:۔ کتنی جواں ہے زندگی کتنی جواں بہار
ایسے میں کوئی آئے کہیں سے کرے ہم سے پیار
چاہتوں کے یہ زمانے آرزوؤں کے دن
کہہ رہی ہیں دھڑکنیں دل کی
اکیلے تو نہ گن
آس بھری نظر میں کوئی تیرا بھی ہے راز دار
حسرتیں بھی ہیں گلابی اور امیدیں بھی حسین

ساتھی لیکن ایک خوبصورت ساتھی ہی نہیں
ایک ہمدم کے لئے ہے دل میرا بیقرار
زلف کا سایا نہ ہو تو
اس سفر کا کیا مزا
بھیج دے کوئی کہیں سے اے محبت کے خدا
جس کی باتوں میں نشہ ہو آنکھوں میں ہو خمار

گانا ۳:- کیا عجب ساز ہے یہ شہنائی
دو ہی سُروں کا یہ کھیل سارا ہے
ایک سُر زندگی کا ساحل ہے
دوسُرا موت کا کنارا ہے
یہ بجے تو حیات کی محفل
پورے جوبن پہ آکے جم جائے
زندگی ایک خواب ہو جائے
اگر یہ بجتے بجتے تھم جائے
یہ کبھی چاند چودھویں کا ہے
اور کبھی صبح کا ستارہ ہے
آہ اور واہ کا یہ سنگم ہے
ساز و سوز کی جوانی ہے
ہے اگر یہ شباب کا نغمہ
اک بیوفا کی بھی کہانی ہے
قہقہاؤں کا آبشار نہیں آنسوؤں کی ایک دھارا ہے

کبھی آغاز کا یہ نغمہ ہے
کبھی انجام کا یہ فسانہ ہے
یہی شعلہ یہی شبنم، یہی نالا یہی ترانہ ہے
اگر یہ اُجڑے چمن کی ہے تصویر
تو بہاروں کا بھی نظارہ ہے

گانا نمبر۴۔ نہ جھٹکو زلف سے پانی یہ موتی پھوٹ جائیں گے
تمہارا کچھ نہ بگڑے گا مگر دِل ٹوٹ جائیں گے
یہ بھیگی رات یہ بھیگا بدن
یہ حسن کا عالم
یہ سب انداز مِل کر دو جہاں کو لوٹ جائیں گے
تمہارا کچھ نہ بگڑے گا ــــ
یہ نازک لب ہیں یا آپس میں لپٹی ہوئی دو کلیاں
ذرا ان کو الگ کر دو ترنم پھوٹ جائیگا
نہ جھٹکو زلف ــــ
ہماری جان لے لیگا یہ نیچی آنکھ کا جادو
چلو اچھا ہوا مر کر جہاں سے چھوٹ جائیں گے
تمہارا کچھ نہ ــــ

گانا نمبر۵۔ شرما کے نہ جا تڑپا کے نہ جا
ناگن کی طرح بل کھا کے نہ جا
جانِ من جانانِ من۔ جانِ من جانانِ من
کچھ سوچ میں ہر دم تیرا پیچھا کیوں کرتا ہوں

ذرا انکھوں میں آنکھیں ڈال
کہ تجھ پر مرتا ہوں
پر کہتے ہوئے یہ ڈرتا ہوں
جانِ من جانانِ من —
تجھے حسن پہ اپنے ناز مجھے اپنے دل پر
سر ملیں گے کیسے میں ہوں موم
اور تو ہے پتھر
ہائے کیسا پڑا ہے چکر جانِ من
مت بھول کہ ایک دن ایسا بھی تو آئے گا
جب عشق کے آگے حسن کا سر جھک جائیگا
پھر کھل کے میرا دل گائے گا
جانِ من جاناںِ من —
گانا نمبر ۲ — صدیوں پرانی اپنی کہانی
محبت جیسے آج دوہرا رہی ہے
ہمیں سا تھ دیکھا ہے
ایک بار پھر سے
زمانے کی رفتار رستا رہی ہے
ملے تجھے ملے ہیں پھر بھی ملیں گے
یہ وہ سفر ہے جس کی منزل نہیں
زمانے کی نظروں کے انداز بدلیں
مگر میری تیری نگاہیں نہ بدلیں

بدلتا رہا آسماں چال اپنی
یہ راہی نہ بدلے یہ راہیں نہ بدلیں
اگر زُلف زنجیر بنتی رہے گی
محبت کی تقدیر بنتی رہے گی
نگاہوں کی رنگینیاں کم نہ ہوں گی
اُمیدوں کی تصویر بنتی رہے گی
گانا مرے نہ اس طرح توڑا میرا دل
کیا میرا دل دل نہ تھا
یہ تو کہہ جاتے
تمہارے پیار کے قابل نہ تھا
آپ کو اپنا سمجھ کر
اپنی قیمت سونپ دی
اپنے ارماں دے دیئے اپنی محبت سونپ دی
کس لئے وہ خواب دیکھے
جس سے کچھ حاصل نہ تھا
جانے جانے کچھ گلہ کوئی شکایت نہ ہوئی
ہم بھی راہوں میں پڑے تھے پر عنایت نہ ہوئی
ایک ٹھوکر ہی لگاتے یہ تو کچھ مشکل نہ تھا
اس طرح توڑا میرا دل
کیا میرا دل دل نہ تھا
ختم شد

# پامسٹری عرف خط تقدیر

علم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا پچھلا اگلا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔ جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزارہا روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- آنہ محصولڈاک معاف

# بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کے چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھیے۔

قیمت صرف -/۱ آنہ محصولڈاک معاف

# فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف -/۱ آنہ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں — دھلی

# عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| عملیات تسخیر عالم | 3/-/- | عملیات بشی کرن | 2/-/- |
| عملیات تسخیر محبوب | 1/8/- | اندرجال | 1/8/- |
| عملیات تذلیب | 2/-/- | اُستاد جادوگراں | 3/-/- |
| مکمل جادوگری | 2/8/- | جادو مسمریزم | 2/-/- |
| بنگال کا جادو | -/12/- | کالا جادو | 4/-/- |
| کامروپ کا جادو | -/12/- | اُلو تنتر | 3/-/- |
| رہنما جادوگری | 1/4/- | کوا تنتر | 4/-/- |
| نقش سلیمانی | 1/-/- | نقش روحانی | -/12/- |
| تعویذ سلیمانی | 1/-/- | کنز الحسنین | 2/-/- |

# اسلامی لٹریچر کی کتابیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| رکن الدین | 2/-/- | قیامت نامہ | -/8/- |
| قصص الانبیاء | 3/-/- | بہشتی زیور اول حصہ | -/12/- |
| ہزار مسئلہ | -/12/- | " " مکمل | 8/-/- |
| صبح کا ستارہ | -/12/- | فسانہ آدم | -/8/- |
| شہید کربلا | -/8/- | عزت المسلمین | -/6/- |
| قصہ حضرت ایوب | -/8/- | صبر فاطمہ | -/8/- |

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی